www.aghazesafar.com / dailyaghazesafar@gmail.com
A B C Certified باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت REG.M-317
DAILY AGHAZ-E-SAFAR MULTAN
روزنامہ آغازِ سفر مُلتان
چیف ایگزیکٹو محمد ذوالفقار ایڈیٹر امتیاز ذوالفقار
جلد نمبر 12 | پیر 5 ربیع الثانی 29 ستمبر 2025ء، 1447ھ، 14 اسوج (صفحات 8 قیمت 30 روپے) | شمارہ نمبر 43

ایڈوائزر وفاقی محتسب مُلتان ریجن نور محمد شیخ آج وہاڑی کا دورہ اور ڈی سی آفس میں کھلی کچہری لگائینگے

ملتان/ وہاڑی (سٹاف رپورٹر، تحصیل رپورٹر) ایڈوائزر وفاقی محتسب مُلتان ریجن نور محمد شیخ، آج صبح 10 بجے (سوموار) ضلع وہاڑی کا دورہ کریں گے، جہاں وہ صُبح ساڑھے 10 بجے دفتر ڈپٹی کمشنر وہاڑی کے دفتر میں کُھلی کچہری منعقد کریں گے اور وفاقی محتسب پاکستان اعجاز احمد قریشی کے پروگرام اِنصاف آپ کی دہلیز پر، کے تحت عوام اُلناس کی وفاقی اداروں کے خلاف دائر کی گئی شِکایات کی سماعت کریں گے اور ادارہ

وفاقی مُحتسب کے وِژن اور پروگرام کے مُطابِق فوری، بِلا معاوضہ اور سائل کی دہلیز پہ اِنصاف مُہیا کرنے کے وعدہ کی تکمیل کریں گے۔ انہوں نے عوام الناس سے تلقین کرتے ہوئے کہا ہے کہ وہ ادارے کی ان سہولیات سے کماحقہ فائدہ اٹھائیں اور شکایات وفاقی مُحتسِب آفس میں درج کروائیں۔ جہاں وکیل کے بغیر انہیں بھرپور سہولیات فراہم کی جاتی ہیں اور صرف 60 دنوں کے اندر انکی شکایات کا ازالہ کر دیا جاتا ہے۔